نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں منعقدہ گندم و کینولہ کے پیداواری مقابلہ 2022-23 کی صوبائی کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد۔صوبائی سطح پر جیتنے والے کاشتکاروں کے ناموں کا حتمی اعلان۔

لاہور:13 جون 2023 (   ) گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت منعقدہ پیداواری مقابلہ 2022-23 میں ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے کاشتکار عبدالحنان ولد محمد ابراہیم نے **76.51 من فی ایکڑ** پیداوار حاصل کرنے کے بعد صوبائی سطح پر اول پوزیشن حاصل کی اور حکومت پنجاب کی جانب سے انہیں 6 لاکھ روپے نقد انعام دیا جائے گا جبکہ ضلع لیہ کے محبوب احمد ولد بشیر احمد اور ضلع خوشاب کے اللہ بخش ولد محمد یار کو بالترتیب 70.65 اور 69.652 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کرنے پر دوئم وسوئم قرار دیا گیا ہے۔ان کاشتکاران کو بالترتیب 5 اور 4 لاکھ روپے نقد انعام دیئے جائیں گے۔اسی طرح کینولہ کے پیداواری مقابلہ 2022-23 میں ضلع جھنگ کے محمد فرید خالد ولد خالد حسین نے **41.42 من فی ایکڑ** پیداوار لینے پر اول قرار دیا گیا جن کو 5 لاکھ روپے نقد انعام دیا جائے گا۔یہ فیصلے آج سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی سربراہی میں سول سیکرٹریٹ لاہور میں منعقدہ گندم و کینولہ کے پیداواری مقابلہ 2022-23 کی صوبائی کمیٹی کے اجلاس میں کئے گئے۔یاد رہے، محکمہ زراعت پنجاب نے مالی سال 2022-23 کے دوران گندم و کینولہ کے صوبائی و ڈویژنل سطح پر پیداواری مقابلہ جات کا انعقاد کیا جس کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں طلب کی گئیں تھیں۔ان پیداواری مقابلوں کی صوبائی کمیٹی کے چیئرمین سیکرٹری زراعت پنجاب جبکہ دیگر ممبران میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع)، چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی و فیلڈ، ڈائریکٹر کراپ رپورٹنگ سروس اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب کے علاوہ گندم و تیلدار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے پراجیکٹ ڈائریکٹرز بھی شامل تھے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے جیتنے والے کاشتکاروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ فصلوں کے پیداواری مقابلہ سے کاشتکاروں کے مابین صحتمندانہ مسابقت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے جس سے کاشتکار زیادہ محنت و تندہی سے کام کرتے ہیں اور پیداواری اہداف کے حصول میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔انھوں نے جیتنے والے کاشتکاروں کے ٹیکنیکل ریکارڈ کو مرتب کرنے کی ہدایت کی تاکہ اس کی روشنی میں ان علاقوں کے دوسرے کاشتکار بھی مستفید ہوسکیں۔اس کے علاوہ سیکرٹری زراعت نے پیداواری مقابلوں کے ساتھ ساتھ زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکاروں کیلئے سرٹیفکیٹس کے اجراء و جدید مشینری کی تقسیم کے طریقہ کار کا جائزہ لینے کی بھی ہدایت کی تاکہ فصلوں کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار حاصل کرنے کی ترغیبات میں اضافہ کیا جاسکے۔انھوں نے اہم فصلوں کے پیداواری اہداف کے حصول کے لئے ان پیداواری مقابلوں کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب کو بتایا گیا کہ گندم و کینولہ کے ڈویژن کی سطح پر زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکاروں کو متعلقہ ڈویژنل کمشنرز کی زیرِ نگرانی قائم کمیٹی کے ذریعے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔

☆☆☆☆